# مطبوعات

| | |
|---|---|
| پاکستان میں آئین کی تدوین اور جمہوریت کا مسئلہ | تالیف : پروفیسر خورشید احمد صاحب ۔ شائع کردہ : مکتبہ معاویہؓ ۲/۱۱ بی ون ایریا لیاقت آباد کراچی ۔ صفحات : ۳۶۸ قیمت : چھ روپے ۔ |

کتاب کے فاضل مصنف کسی تعارف کے محتاج نہیں ۔ گذشتہ دس بارہ سالوں میں انھوں نے اسلام کے مختلف پہلوؤں پر اتنا زیادہ اور اتنا جاندار لکھا ہے کہ ان کی علمی اور دینی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔ زیرِ تبصرہ کتاب ان کے ان فکر انگیز اداریتی مقالات کا مجموعہ ہے جو وہ معروف ماہنامہ "چراغ راہ" کے لیے لکھتے رہے ۔ ان مقالات میں ایک مقصدی ترتیب اور معنوی ربط پایا جاتا ہے ۔ اور یہ سارے مضامین پاکستان میں آئین اور دستور کے مسائل اور خصوصاً اسلامی آئین کے نفاذ اور اس راہ کی مشکلات سے بحث کرتے ہیں ۔ مصنف کا اندازِ بیان بڑا وقیع اور عالمانہ ہونے کے باوجود بڑا شگفتہ اور دلچسپ ہے اور کہیں بھی پڑھتے ہوئے اکتاہٹ محسوس نہیں ہوتی ۔

ان مقالات کے ابتدائی حصوں میں اسلام کے نظریۂ سیاسی ، اسلام میں دین و سیاست کی یکجائی پر بھی نہایت نپے تلے انداز میں اظہارِ خیال کیا گیا ہے ۔

کتاب کے آغاز میں پروفیسر محمد ایوب قادری صاحب نے ہندوستان میں انگریز کی آمد اور اس کے تسلّط سے لے کر پاکستان کے قیام تک کے حالات کو ایک مسلمان مُبصر کی حیثیت سے نہایت اچھے انداز میں بیان کیا ہے اور بتایا ہے کہ فرنگی کی عملداری سے مسلمانوں کو بحیثیت ایک ملت کس قسم کے

---

(بقیہ : فقر و فاقہ اور اس کا اسلامی حل)

چھوڑ گئے اور غربا و مساکین بدحالی اور محتاجی کی اُس حالت کو پہنچ گئے کہ سارے اجتماعی نظام میں اُن کی مدد یا کفالت کی کوئی ضمانت نہیں تھی ۔ اندریں حالات مجرد انفرادی احسان کو فقر و فاقہ کے مسئلے کا کوئی مکمل حل قرار نہیں دیا جا سکتا ۔ (باقی)

نقصانات اٹھانے پڑے اور وہ اس کی گرفت سے آزاد ہونے کے لیے کیا کچھ کرتے رہے۔ قادری صاحب نے یہ مقالہ لکھ کر پروفیسر خورشید صاحب کے مضامین کے لیے ایک نہایت صحیح پس منظر مہیا کر دیا ہے جس کی روشنی میں پاکستان کے اندر اسلامی آئین کے نفاذ کی جدوجہد کا مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔ پروفیسر خورشید صاحب چونکہ اس جدوجہد میں عملی طور پر شریک رہے ہیں اس لیے ان کے مقالات میں حقیقت پسندی کی جھلک پوری طرح نمایاں ہے۔ یہ سلسلہ مضامین بڑا مفید ہے اور اسلامی آئین کے نفاذ میں دلچسپی رکھنے والوں کے لیے اس سے کافی رہنمائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ اس جدوجہد کی نہایت قابل اعتماد دستاویز ہے جس سے پاکستان کا مورخ کبھی بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ معیارِ طباعت و کتابت گوارا ہے۔ کاغذ البتہ ناقص ہے۔

---

**خلافت و ملوکیت اور عُلمائے اہلِ سنّت** تالیف: مرتبہ جناب ابو خالد صاحب۔ شائع کردہ: مکتبہ اہلِ سُنّت، چاہ میراں، لاہور۔ قیمت: ۲ روپے۔ صفحات: ۱۵۲

اس کتاب میں فاضل مصنّف نے بڑے ٹھوس دلائل کے ساتھ یہ ثابت کیا ہے کہ مولانا مودودی کی کتاب "خلافت و ملوکیت" کے جن پہلوؤں پر بعض لوگوں نے فتنہ کھڑا کیا ہے ان میں سے کوئی ایک پہلو بھی ایسا نہیں جس پر اُمت کے معتمد علماء نے اظہارِ خیال نہ کیا ہو۔ اُن کے نقطہ نظر اور مولانا مودودی کے نقطہ نظر میں کوئی بنیادی اختلاف نظر نہیں آتا۔ پھر وہ اگر ان خیالات کی بنا پر موردِ الزام نہیں ٹھہرتے تو مولانا مودُودی پر آخر یہ خاص "کرم فرمائی" کیوں کی جاتی ہے۔

کتاب کا معیارِ طباعت اور کتابت عمدہ ہے۔

---

**AID OR TRADE معاونت یا تجارت** تالیف: جناب یوسف حسن شیرازی صاحب۔ ملنے کا پتہ: شیرازی انوسٹمنٹ لمٹیڈ F/36، S.I.T.E کراچی۔ قیمت: پاکستانی سکے میں، ۸ روپے غیر ملکی سکے میں۔ ۵۰ر۲ ڈالر۔

کتاب کے مصنّف ملک کے ایک اونچے درجے کے تاجر اور صنعت کار ہونے کی وجہ سے ملکی معیشت کے بارے میں نہایت وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ اس کتاب میں انہوں نے نہ صرف ملک کی

معاشی صورتِ حال پر تبصرہ کیا ہے۔ بلکہ یہ بھی بتایا ہے کہ اسے اگر بہتر بنانے کے لیے سر توڑ کوشش نہ کی گئی تو ملک کو شدید نقصان پہنچے گا۔ ان کا موقف یہ ہے کہ ہمیں اپنی معیشت کے اندر تنوّع پیدا کرنا چاہیئے اور اس مقصد کے لیے پیدائشِ دولت کی ہیئت میں بھی تنوع پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

غیر ملکی قرضوں کے بارے میں فاضل مصنّف کا جائزہ بڑا ناقدانہ اور فکر انگیز ہے۔ انہوں نے یہ بتایا ہے کہ یہ مشروط نوعیت کے غیر ملکی قرضے پس ماندہ اور ترقی پذیر ممالک کے لیے کچھ زیادہ مفید ثابت نہیں ہو رہے بلکہ ان کا بیشتر فائدہ اُن ممالک کو پہنچتا ہے جو "امداد" کے نام پر یہ قرضے دیتے ہیں۔ کتاب بڑی دلچسپ اور معلومات افزا ہے۔ خصوصاً معاشیات کے طلبار اور اس سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے اس میں بڑی کام کی باتیں موجود ہیں۔

معیارِ طباعت و کتابت خاصا اونچا ہے۔

---

**خدائی وعدہ** تالیف: ڈاکٹر طٰہٰ حسین۔ ترجمہ: جناب معراج محمد بارق صاحب۔ ناشر: نور محمد کارخانہ تجارت کتب، آرام باغ کراچی۔ قیمت

زیر تبصرہ کتاب ڈاکٹر طٰہٰ حسین کی معروف کتاب "الوعد الحق" کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں فاضل مصنّف نے حضرت عمار بن یاسر، حضرت بلال حبشی، حضرت صہیب رومی اور حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہم جیسے بے بس صحابہ کے مصائب و شدائد کو بیان کیا ہے جو انہوں نے کفارِ مکہ کے ہاتھوں اسلام اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے وابستگی کی خاطر برداشت کیئے۔ اس کتاب میں طٰہٰ حسین کے اسلوبِ نگارش یعنی الفاظ کے شکوہ، مترادفات کے کثرتِ استعمال کے ساتھ ساتھ تصویر کشی کا رنگ بھی نمایاں ہے۔ اس کے پڑھنے سے ان مقدس ہستیوں کی مظلومیت سامنے آجاتی ہے۔ جنہوں نے اللہ کے دین کو بلند کرنے کے لیے غیر معمولی پامردی اور استقامت کا ثبوت دیا اور جو معاشرے میں کمزور ہونے کی وجہ سے خاص طور پر کفار کے ظلم و استبداد کا تختہ مشق بنتے رہے۔

کتاب کا ترجمہ بڑا جاندار ہے۔ اس میں الفاظ کی ترجمانی کے ساتھ جذبات کی ترجمانی موجود ہے۔

معیار طباعت و کتابت گوارا ہے۔

---

**انقلاب ایران بیسوی صدی میں** | تالیف: جناب نظیر حسین زیدی ایم اے۔ ناشر: مسعود اکادمی ڈی ۲/۲۳ ناظم آباد ۴۔ کراچی۔

اس کتاب میں اُس انقلاب کی داستان بیان کی گئی ہے جسے "انقلاب مشروطیت ایران" کہا جاتا ہے اور جس کے بعد نہ صرف ایران کی سیاسی ہیئت میں تبدیلی ہوئی بلکہ اس کی معیشت اور معاشرت میں بھی نمایاں تبدیلیاں ہوئیں۔

---

**اُندلس، ادب و تاریخ** | تالیف: ڈاکٹر سید محمد یوسف پروفیسر عربی جامعہ کراچی۔ شائع کردہ: مدینہ پبلشنگ کمپنی بندر روڈ کراچی ۱۔ صفحات: ۱۵۹۔ قیمت: چھ روپے۔

اس کتاب کے مصنف عربی زبان اور ادب کے نامور عالم ہیں۔ اس کتاب میں انہوں نے اندلس کے معروف مؤرخین کی انشا پردازی کے نمونے فتح ۹۱ھ سے لے کر سنہ ۸۹۷ھ تک پیش کیے ہیں۔ ان کے مطالعے سے نہ صرف ایک عظیم اسلامی ملک میں اظہارِ خیال کے مختلف اسلوب سامنے آتے ہیں بلکہ تاریخی واقعات کی مختلف کڑیاں معلوم ہونے سے اُن کے ارتقاء کا ایک نقشہ بھی ذہن میں مرتب ہو جاتا ہے۔

فاضل مصنف نے ہر واقعہ کے بیان سے پہلے اس کا جو مختصر پس منظر پیش کیا ہے اس سے اُسے سمجھنے میں بہت زیادہ مدد ملتی ہے۔ عربی زبان کے ذوق کو عام کرنے کے لیے یہ سلسلہ بڑا مفید ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ڈاکٹر صاحب اس سلسلے کو جاری رکھیں گے۔

معیارِ کتابت و طباعت عمدہ ہے۔

---

**اسلامی اسباق** | شائع کردہ: ادارۂ درس و اشاعت اسلام رجسٹرڈ۔ لاہور۔ قیمت: ۴۰ پیسے۔ صفحات ۶۴۔

بچوں کو دینی تعلیمات سے روشناس کرانے کے لیے یہ ایک قابلِ قدر کوشش ہے۔ اس کے دائرے کو جس قدر پھیلایا جائے اس قدر اس سے مفید نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

معیار طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

---